ASCENSION MICHIGAN

مالی امداد کی پالیسی کا خلاصہ

Ascension Michigan ہر فرد کے وقار کے تئیں وابستگی اور احترام کے ساتھ بالخصوص ان لوگوں کے لیے فکر مند ہے جن کو صحت کی نگہداشت کی خدمات تک رسائی میں رکاوٹیں پیش آتی ہیں۔ Ascension Michigan اپنے صحت کی نگہداشت کے وسائل کو پوری برادری کی خدمت کے طور پر نظم کرنے کے تئیں بھی یکساں طور پر پابند عہد ہے۔ ان اصولوں کو آگے بڑھاتے ہوئے، Ascension Michigan کی طرف سے بعض ان افراد کو مالی امداد فراہم کی جاتی ہے جن کو Ascension Michigan کی طرف سے ہنگامی یا طبی لحاظ سے دیگر ضروری نگہداشت حاصل ہوتی ہے۔ اس خلاصے میں Ascension Michigan کی مالی امداد کی پالیسی کا مختصر جائزہ پیش کیا گیا ہے۔

<u>کون اہل ہے؟</u>
آپ مالی امداد حاصل کرنے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ مالی امداد کا تعین عام طور پر آپ کی کل گھریلو آمدنی کا وفاقی خط افلاس (فیڈرل پاورٹی لیول) کے ساتھ تقابل کر کے کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کی آمدنی وفاقی خط افلاس سے کم یا اس کے 250% کے مساوی ہے تو آپ اخراجات کے اس حصہ پر 100% خیراتی علاج کی چھوٹ حاصل کریں گے جس کے لیے آپ ذمہ دار ہیں۔ اگر آپ کی آمدنی وفاقی خط افلاس کے 250% سے زیادہ ہے لیکن وفاقی خط افلاس کے 400% سے متجاوز نہیں ہے تو آپ سلائیڈنگ اسکیل پر رعایتی شرح موصول کر سکتے ہیں۔ مالی امداد کے اہل مریضوں سے اہل نگہداشت سے زیادہ چارج وصول نہیں کیا جائے گا جتنی رقم کا عام طور پر بیمہ کوریج والے مریضوں کو بل بھیجا جاتا ہے۔ براہ کرم مزید معلومات کے لیے 844-701-9988 پر کال کریں یا https://healthcare.ascension.org/financial-assistance/michigan پر ہماری ویب سائٹ دیکھیں

<u>کون سی خدمات کا احاطہ کیا جاتا ہے؟</u>
مالی امداد کی پالیسی کا اطلاق ہنگامی اور طبی لحاظ سے ضروری دیگر علاج پر ہوتا ہے۔ ان شرائط کی وضاحت مالی امداد کی پالیسی میں کی گئی ہے۔ اختیاری خدمات مالی امداد کی پالیسی کے ذریعہ احاطہ شدہ نہیں ہیں۔

<u>میں کیسے درخواست دے سکتا ہوں؟</u>
مالی امداد کی درخواست دینے کے لیے، عام طور پر آپ کو ایک تحریری درخواست مکمل کرنی ہوگی اور معاون دستاویزات فراہم کرنے ہوں گے، جیسا کہ مالی امداد کی پالیسی اور مالی امداد کی پالیسی کی درخواست میں واضح کیا گیا ہے۔

<u>میں درخواست کے حوالہ سے کیسے مدد حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟</u>
اگر آپ کو کوئی سوال پوچھنا ہو، تو براہ کرم ہمارے کسٹمر سروس سینٹر سے 844-701-9988 پر رابطہ کریں۔

<u>میں مزید معلومات کیسے حاصل کر سکتا/سکتی ہوں؟</u>
مالی امداد کی پالیسی اور مالی امداد کی پالیسی کے درخواست فارم کی کاپیاں https://healthcare.ascension.org/financial-assistance/michigan پر اور پیشنٹ فائنانشیل سروسز ڈپارٹمنٹ میں دستیاب ہیں۔ مالی امداد کی پالیسی اور مالی امداد کی پالیسی کے درخواست فارم کی مفت کاپیاں بذریعہ ڈالک، 844-701-9988 پر کال کرکے یا PO Box 80278, Indianapolis, IN 46240 پر ہمیں درخواست بھیج کر بذریعہ ڈاک، محفوظ فیکس نمبر 317-981-6312 پر فیکس کرکے بھی حاصل کی جاسکتی ہیں۔

<u>اگر میں اہل نہیں ہوں تو کیا ہوگا؟</u>
اگر آپ مالی امداد کی پالیسی کے تحت مالی امداد کے اہل نہیں ہیں تو ہوسکتا ہے آپ دیگر اقسام کی امداد کے اہل قرار پائیں۔ مزید معلومات کے لیے، براہ کرم ہمارے کسٹمر سروس سینٹر سے 844-701-9988 پر رابطہ کریں۔

مالی امداد کی پالیسی کے ترجمے، مالی امداد کا درخواست فارم اور یہ آسان خلاصہ درخواست کرنے پر دستیاب ہے۔